
اچھی لگتی ہو
نورِ قلب

السلام علیکم

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ اپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں، مگر آپ کے پاس کوئی ذریعہ نہیں ہے۔۔تو ہم سے رابطہ کریں۔

ہماری ٹیم آپ کو قدم قدم پر رہنمائی فراہم کرے گی اور آپ کی لکھی ہوئی تحریر دنیا تک لائے گی۔

آپ اپنا لکھا ہوا ناول،افسانہ،شاعری، ناولٹ،کالم یا آرٹیکل پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو اپنا مسودہ ہمیں ورڈ فائل یا ٹیکسٹ فارم میں میل کریں

novelsclubb@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک،انسٹا پیج اور واٹس ایپ کے ذریعے بھی ہم سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

FB PAGE:

NOVELSCLUBB

INSTA:

NOVELSCLUBB

WHATSAPP:

03257121842

اچھی لگتی ہو

(شاعری)

از نورِ قلب

تم لڑکی ہو نا۔۔۔

ایسے ہی اچھی لگتی ہو

www.novelsclubb.com

کوئی کچھ بھی کہے۔۔۔

تم تو چپ ہی اچھی لگتی ہو

تم زندہ ہو۔۔

مجھے مگر پتھر کی مورت لگتی ہو

میں ابن آدم ہوں۔۔

کچھ بھی کر لوں، سب کو اچھا لگتا ہوں

تم بنت حوا ہو۔۔۔

کچھ بھی ہو الزام تم پر ہی اچھا لگتا ہے

غلطی میں ہی کیوں نہ کروں۔۔۔

ملزم تو تم ہی اچھی لگتی ہو

مسکراتے ہوئے زہر لگتی ہو

میں تو ہنستا بھی اچھا لگتا ہوں

www.novelsclubb.com

میں نوجوان ہوں۔۔

جوش میں کچھ بھی کرتا ہوں

تم تو بیٹی ہو۔۔۔

سمجھوتے کرتی ہی اچھی لگتی ہو

میں زندگی سے بھرپور۔۔۔

زندہ دل رہتا ہوں

تم پتھر کی۔۔۔

بے جان سی مورت اچھی لگتی ہو۔

کس نے کہا تمہیں پڑھنا ہے

آگے بڑھنا ہے۔۔۔

تم تو کشیدہ کاری کرتی

گھر میں بند اچھی لگتی ہو

میں لڑکا ہوں۔۔۔

www.novelsclubb.com

باپ کے بڑھاپے کا سہارا ہوں

تم بیٹی ہو۔۔۔

سینے کا بوجھ، کسے اچھی لگتی ہو؟

میں غیرت کا علمبر دار۔۔۔

جوشیلا ہے میرا کردار

تم آٹے کی گڑیا۔۔۔

عزت کی محافظ اچھی لگتی ہو

میں بولوں تو۔۔

سمجھ دار جوان لگتا ہوں

تم لب بھی کھولو تو۔۔۔

باغی لگتی ہو

تمہاری بغاوت کو کچلنا۔۔۔

www.novelsclubb.com

مجھے اچھے سے آتا ہے

تمہاری پسند کس نے ہے تم سے پوچھی

باپ کی مرضی پہ سر جھکاتی اچھی لگتی ہو

باپ کا بھائیوں کا مان رکھتی ہو

گھر کی چار دیواری میں اچھی لگتی ہو

شادی کے جوڑے میں ملبوس

ڈولی میں بیٹھی مردہ اچھی لگتی ہو

تم سے شادی کر لی تو کیا۔۔۔

تم تو پاؤں کی جوتی ہی اچھی لگتی ہو

میں ظلم کروں تو بھی۔۔۔

تم منت سماجت کرتی اچھی لگتی ہو

یہ کب کہا۔۔۔

www.novelsclubb.com

تم اچھی نہیں لگتی

تم گھر کے اک کونے میں پڑی

مجھے بہت اچھی لگتی ہو

تم جھکتی ہو تو۔۔۔

میں بلند ہوتا ہوں

تم روتی دھوتی، زخموں سے چُور

کرچی کرچی خود کو چُنتی اچھی لگتی ہو

ایک مرتی ہو تو۔۔

دوسری لے آتا ہوں

میں صاحب اقتدار سہی

تم تو محکوم ہی اچھی لگتی ہو

تم لڑکی ہو ناں۔۔۔

ایسے ہی اچھی لگتی ہو

www.novelsclubb.com

کوئی کچھ بھی کہے

تم تو چپ ہی اچھی لگتی ہو